سوال

سحری کے بعد سونا۔۔۔

جواب

سحری کھانے کے بعد سونے کی ممانعت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا سحری کے بعد سونا منع ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! انسان دن اور رات میں کسی بھی وقت سو سکتا ہے بشرطیکہ فرائض اور واجبات میں کوتاہی واقع نہ ہو رہی ہو۔ اگر تو سحری کھانے کے بعد نماز فجر ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو سحری کے بعد سونا ممنوع ہے ۔ اور اگر نماز کے ضائع ہونے کا خطرہ نہ ہو تو کچھ دیر سو جانے میں کوئی حرج نہیں ہے ۔ نیز یاد رہے کہ سحری آخری وقت میں کھانا افضل ہے ، اگر آدمی آخری وقت پر سحری کھائے تو سونے کی نوبت ہی نہیں آئے گی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی